بسم اللہ الرحمن الرحیم

احرام کی حالت میں کوئی خاتون اپنے ہاتھ پر مہندی لگالے، تو کیا حکم ہے

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

احرام کی حالت میں اگر کوئی خاتون ہاتھ پر مہندی لگالے، تو کیا حکم ہے؟

جواب

احرام کی حالت میں مہندی لگانا جائز نہیں، اگر لگائے گی تو دم واجب ہوگا۔

ارشادالساری میں ہے: "اذا خضبت المرأة کفها بالحناء وهی محرمة وجب علیها دم" یعنی جب عورت احرام کی حالت میں اپنے ہاتھ پر مہندی کا خضاب کرے تو اس پر دَم واجب ہوگا۔" (ارشادالساری الی مناسک الملا علی القاری، باب الجنایات، فصل فی الحناء، ص 457، مکۃ المکرمۃ)

خیال رہے کہ ایسی مہندی جسے دھونے کے بعد بھی ہاتھ پاؤں کی سطح پر پلاسٹک کی طرح کا ایک جِرم باقی رہتا ہے جس کی وجہ سے پانی جلد تک نہیں پہنچ سکتا، ایسی مہندی کا یہ جِرم جب تک ہاتھ پاؤں پر موجود رہے گا تو اتارنا ممکن ہونے کی صورت میں وضو و غسل نہیں ہوگا، لہٰذا ایسی مہندی عورت عام حالت میں بھی نہ لگائے بلکہ ایسی مہندی استعمال کرے جسے دھونے سے اس کا جِرم مکمل اتر جاتا ہے اور صرف رنگ باقی رہ جاتا ہے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد کفیل رضا عطاری مدنی

فتویٰ نمبر: Web-2410

تاریخ اجرا: 26 جمادی الاخریٰ 1447ھ / 18 دسمبر 2025ء